# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالبعلم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد چوری'' کی Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: (تاریخ ادبِ اردو۔ا) 5601 سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: ایم اے (اردو)

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

## امتحانی مشق نمبر ا

### (یونٹ نمبر: 1 تا 4)

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر ا۔ | زبان کی ساخت اور تشکیل کن عوامل اور محرکات کی مرہونِ منت ہے؟ نیز بتائیں کہ اردو زبان کے تشکیلی مراحل کیا ہیں؟ | 20 |
| سوال نمبر ۲۔ | اردو زبان کے آغاز کے بارے میں حافظ محمود شیرانی کے نظریے کی وضاحت کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر ۳۔ | اردو زبان کی تشکیل اور اس کے فروغ کے ضمن میں صوفیائے کرام کے کردار پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر ۴۔ | کیا اردو زبان کی تشکیل کو کسی ایک خطے سے منسوب کرنا مناسب ہے؟ دلائل سے بات کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر ۵۔ | اردو زبان کے آغاز کے ضمن میں ماہرینِ لسانیات کسی ایک نظریے پر متفق کیوں نہیں؟ وضاحت کریں۔ | 20 |

# امتحانی مشق نمبر۲

(یونٹ نمبر: 5 تا 9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر۱۔ شمالی ہند میں اردو زبان و ادب کے فروغ میں بابا فرید گنج شکرؒ اور امیر خسروؒ کے کلام کا بھی حصہ ہے۔ اس بات کی وضاحت میں دلائل سے کام لیں۔ 20

سوال نمبر۲۔ گوجری ادب سے کیا مراد ہے؟ گوجری ادب کا اجمالی جائزہ لیں۔ 20

سوال نمبر۳۔ بہمنی سلطنت میں ہونے والی شاعری میں اردو کے ابتدائی نمونے ملتے ہیں۔ مثالوں سے وضاحت کریں۔ 20

سوال نمبر۴۔ کیا قطب شاہی دور شاعر پروری کا ہے؟ مثالوں کی مدد سے وضاحت کریں نیز اس دور کے دو نمائندہ شعرا پر تفصیل لکھیں۔ 20

سوال نمبر۵۔ شمالی ہند کے قدیم اردو ادب سے واقفیت آج کیوں فائدہ مند ہے؟ تفصیل سے بیان کریں۔ 20